© rasailojaraid.com

# مطبوعات

**خورشید رسالت کی پانچ کرنیں** از جناب آباد شاہ پوری ۔ ناشر: البدر پبلی کیشنز ۔ ۲۳ ۔ راحت مارکیٹ اُردو بازار لاہور ۔ قیمت: ۱۸/- روپے

قرونِ اُولٰی کی تاریخِ اسلام جس کی جڑیں قرآن سے غذا لیتی ہیں اور جس کی شاخیں حدیث سے آب و نم حاصل کرتی ہیں، بجائے خود انتہائی دلکش ہے ۔ پھر اگر اس تاریخ کو لکھنے کے لیے کسی بالغ نظر ادیب کا قلم متحرک ہو جائے تو عجیب کیف و ولولہ حاصل ہوتا ہے ۔

آباد شاہ پوری صاحب نے یوں تو پانچ اصحابِ خاص (رضوان اللہ علیہم اجمعین) کے حالات بیان کیے ہیں، مگر ان کے تذکرے میں تاریخ از خود شامل ہے ۔ یہ وہ ہستیاں تھیں جو تاریخ بنانے والی صفِ اوّل میں شریک تھیں ۔ یعنی حضرت خالد بن ولید، حضرت سعد بن ابی وقاص، حضرت مصعب بن عمیر، حضرت محمد بن مسلمہ اور حضرت سعید بن عامر ۔

مؤلف بات کو اس طرح اُٹھاتے ہیں کہ قاری میں تعجب و تحسین کی وہی کیفیات پیدا ہو جاتی ہیں جو اعلیٰ ادبی کہانیوں کو پڑھتے وقت ہوتی ہیں ۔ مگر کہیں کوئی مصنوعی پن نہیں ہے، کہیں حقائق کو مسخ نہیں کیا گیا ۔ اور کہیں خواہ مخواہ کی لفاظی نہیں ہے ۔ بخلاف اس کے پوری تحقیق سے ان واقعات کو بیان کیا گیا ہے جس سے ان پانچ بزرگوں کی شخصیتوں کی صحیح قدر و قیمت سامنے آتی ہے ۔

یہ کتاب بامقصد اُردو ادب کا بہترین حصّہ ہے ۔ نوجوانوں کو اسے خاص طور سے پڑھنا چاہیے ۔

---

© rasailojaraid.com